# Meetings of Joint Working Group and Project Steering Committee on India-Nepal cross-border railway links held in New Delhi (October 06-07, 2021 )

October 07, 2021

## بھارت - نیپال سرحد پار ریلوے روابط پر مشترکہ ورکنگ گروپ اور پراجیکٹ سٹیئرنگ کمیٹی کا اجلاس نئی دہلی میں منعقد ہوا (6 -7 اکتوبر، 2021)

07 اکتوبر، 2021

بھارت اور نیپال نے نئی دہلی میں 6 سے 7 اکتوبر 2021 تک 5 ویں مشترکہ ورکنگ گروپ (جے ڈبلیو جی) اور 7 ویں پراجیکٹ سٹیئرنگ کمیٹی (پی ایس سی) کے اجلاس منعقد کیے، تاکہ سرحد پار ریلوے روابط پر عمل درآمد اور ریلوے کے شعبے میں مجموعی طور پر دو طرفہ تعاون کا جائزہ لیا جا سکے۔ ہندوستان کی طرف سے، جے ڈبلیو جی کی قیادت وزارت ریلوے میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر (ٹریفک ٹرانسپورٹیشن- فریٹ) ڈاکٹر منوج سنگھ، اور پراجیکٹ سٹیئرنگ کمیٹی (پی ایس سی) کی قیادت وزارت خارجہ میں ڈی پی اے-III میں جوائنٹ سیکرٹری جناب انوراگ بھوشن نے کی، جبکہ دونوں میٹنگ کے لئے نیپالی فریق کی قیادت وزارت برائے فزیکل انفراسٹرکچر اور ٹرانسپورٹ میں جوائنٹ سکریٹری جناب کیشب کمار شرما نے کی۔

2۔ فریقین نے جے نگر- کرتھا سیکشن پر مسافر ٹرین خدمات شروع کرنے کے لیے معیاری آپریٹنگ طریقہ کار (ایس او پیز) اور ریکسول اور کھٹمنڈو کے درمیان مجوزہ براڈ گیج ریلوے لائن کے حتمی مقام سروے (ایف ایل ایس) کے لیے مفاہمت نامے پر دستخط کیے۔ ایس او پیز نئے سیکشن پر مسافر ٹرینیں چلانے کے تکنیکی پہلو مہیا کرتا ہے اور نیپال کے ساتھ آنے والے سرحد پار ریلوے روابط میں ریل خدمات کے جلد آغاز کے لیے رہنمائی دستاویز کے طور پر کام کرے گا۔ ریکسول - کٹھمنڈو براڈ گیج ریلوے لائن بھارت اور نیپال کے درمیان کنکٹویٹی کو مزید فروغ دے گی۔

3۔ دونوں فریقین نے ہندوستان اور نیپال کے درمیان جے نگر- بیجل پورہ- بردی باس اور جوگبانی- برات نگر براڈ گیج ریلوے لائنوں کے جاری کاموں پر تبادلہ خیال کیا، جنہیں حکومت ہند کی امداد سے تیار کیا جا رہا ہے۔ مسافر ٹرین خدمات کو چلانے کے لیے جے نگر (بھارت) سے کرتھا (نیپال) تک ریلوے لائن کے مکمل 34 کلومیٹر طویل حصے کی تکنیکی تیاری کا بھی جائزہ لیا گیا۔ نیپالی فریق نے یہ بھی بتایا کہ ابتدائی آپریشنلائزیشن کی سہولت کے لیے ضروری ریگولیٹری فریم ورک کو تیار کیا جائے گا۔ کرتھا سے بیجل پورہ (17.25 کلومیٹر) ریلوے لائن کے سیکشن کے لیے، نیپال کے فریق نے کام کی جلد از جلد تکمیل کے لیے ضروری سہولت فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی گئی۔ دونوں فریقین نے 18.6 کلومیٹر طویل جوگبانی- برات نگر ریل لنک کی تکمیل اور اس کے جلد چلنے پر کام کو تیز کرنے پر بھی اتفاق کیا۔

4۔ ریکسول- کٹھمنڈو براڈ گیج ریلوے لنک اور فیز -2 ریلوے لنک منصوبوں کے حوالے سے پیش رفت پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں فریقین نے صلاحیت سازی، لاجسٹک سپورٹ اور نیپالی ریلوے اہلکاروں کی تربیت کے شعبوں میں تعاون سمیت ریلوے کے شعبے میں تکنیکی تعاون بڑھانے پر اتفاق کیا۔

**نئی دہلی**

**07 اکتوبر، 2021**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.